# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپالپور

## دوسری میعاد

## موسم سرما کی چھٹیوں کا کام / جائزہ / سرگرمیاں

جماعت: سوم

مضمون: اسلامیات



نام طالبعلم:------------------------------

سیکشن:--------------------------------

رول نمبر:--------------------------

# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپالپور

## بلاک سلیبس 2020-2021

**جماعت:سوئم**

| مضمون | **دوسری میعاد**<br>9نومبر2020تا31جنوری2021 |
|---|---|
| **اسلامیات**<br>**سوئم جماعت کے لیے**<br>**پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈلاہور** | باب سوم: حصرت محمد کی صداقت سبق: حسن معاملات سبق:رواداری باب چہارم: سبق: بہن،بھائیوں سے اچھے تعلقات سبق: گفتگو کے آداب باب پنجم:ہدایت کے سرچشمے: سبق: حصرت ابراہیم سبق: حصرت ابو بکر صدیق<br>حفظ القران،سورت النصر،درود پاک |



## جماعت سوم

تاریخ:۲۶ نومبر،۲۰۲۰ء                    دن: جمعرات

### سبق نمبر 1: حضرت محمد ﷺ کی صداقت

| |
|---|
| تدریسی مقاصد: ☆بچوں کو صداقت کے معنی اور مفہوم سے آگاہ کروانا۔<br>☆ آپ ﷺ کے عمدہ اخلاق سے روشناس کروانا۔<br>☆اخلاقی سبق سمجھانا۔ |

مفہوم:صداقت کے معنی ہیں" سچ بولنا اور جھوٹ سے بچنا۔"صداقت کا بہترین عملی نمونہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے پیش کیا۔ آپ ﷺ بچپن ہی سے سچ بولا کرتے تھے۔ آپ ﷺ "صادق" اور"امین" کے نام سے مشہور تھے۔ صادق سے مُراد ہے، وہ سچا جو کبھی جھوٹ نہ کہے اور امین کے معنی ہیں، وہ امانت دار جو کبھی خیانت نہ کرے۔ آپ ﷺ نے ایک مرتبہ مکّہ والوں کو صفا کے پہاڑ پر بُلایا۔ جب مکّہ کے لوگ پہاڑ کے دامن میں جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے ان سے کہا: اے مکّہ والو! اگر میں کہوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے ایک بہت بڑا لشکر آ چکا ہے، تو کیا میری بات سچ مانو گے ؟سب نے کہا: جی ہاں! ضرور سچ مانیں گے، کیونکہ آپ ﷺ صادق اور امین ہیں۔

پڑھائی کریں: صفحہ نمبر46،45

تاریخ: ۲۷ نومبر، ۲۰۲۰ء

دن: جمعہ

مشکل الفاظ یاد کریں اور لکھیئے:

صداقت امین جانی خطرہ قافلہ دامن مشہور بغداد

مُشکل الفاظ کے معانی یاد کر کے لکھیئے؛

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| صداقت | سچّی بات کہنا | | بغداد | شہر کا نام | |
| امین | امانت دار | | جاننا | معلوم | |
| مکمل | پورا | | نمونہ | مثال | |
| ڈاکہ زنی | لُوٹ مار | | صادق | سچّا | |
| مشہور | مقبول | | نصحیت | ہدایت | |

سورت النصر یاد کریں۔

تاریخ ۲۸ نومبر، ۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　دن: ہفتہ

سُوالات کے جواب یاد کر کے لکھیے:

سوال 1: صداقت کسے کہتے ہیں؟

جواب: صداقت کے معنی ہیں سچ بولنا اور جھوٹ سے بچنا۔

جواب:________________________________________

سوال: لوگ نبی کریم ﷺ کو کن ناموں سے پکارتے تھے؟

جواب: صادق اور امین۔

جواب:________________________________________

سوال: شیخ عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کی والدہ نے انہیں کیا نصیحت کی؟

جواب: انہوں نے کہا! بیٹا ہمیشہ سچ بولنا کبھی جھوٹ نہ بولنا۔

جواب:________________________________________

سوال: سچ بولنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: سچ بولنے سے اللہ خوش ہوتا ہے۔

جواب:________________________________________

تاریخ: ۳۰ نومبر، ۲۰۲۰ء	دن: پیر

سوال: الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

(1) آپ ﷺ نے ایک مرتبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو صفا کے پہاڑ پر بلایا۔

(۲) لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے دامن میں جمع ہو گئے۔

(۳) سب نے کہا ضرور سچ مانیں گے، کیونکہ آپ ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

(٤) ڈاکوؤں نے لوٹا ہوا مال قافلے کو۔۔۔۔۔۔۔کر دیا اور اللہ تعالیٰ سے۔۔۔۔۔۔مانگ کر توبہ کر لی۔

سوال: دیئے گئے جوابات میں سے درست جواب پر "√" کا نشان لگائیں۔

(۱) صداقت کے معنی ہیں۔

(الف) بہادری	(ب) مکمل	(ج) نیکی

(۲) حضور اکرم ﷺ کس نام سے مشہور تھے؟

(الف) خطاب	(ب) طیّار	(ج) صادق وامین

(۳) حضور اکرم ﷺ نے لوگوں کو کس پہاڑ پر بلایا؟

(الف) صفا	(ب) احد	(ج) بدر

(٤) حضرت عبد القادر جیلانی کو کس نے دینار دیے؟

(الف) دوست نے	(ب) والدہ نے	(ج) بھائی

(۵) حضرت عبد القادر جیلانی کے پاس دینار کہاں چھُپے تھے۔

(الف) جیب میں	(ب) قمیص میں	(ج) تھیلی میں

تاریخ: یکم دسمبر، ۲۰۲۰ء                                                                 دن: منگل

# جائزہ

## سبق نمبر 1: حضرت محمد ﷺ کی صداقت

## کل نمبر 10

سوال نمبر 1: الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ ۴/

(1) آپ ﷺ نے ایک مرتبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوہ صفا کے پہاڑ پر بلایا۔

(۲) لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے دامن میں جمع ہو گئے۔

سوال نمبر 2: سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۶/

سوال: لوگ نبی کریم ﷺ کو کن ناموں سے پکارتے تھے؟

جواب________________________________________

سوال: شیخ عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کی والدہ نے انہیں کیا نصیحت کی؟

جواب:________________________________________

تاریخ:۲ دسمبر،۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　　　　　　　دن:بدھ

## سبق نمبر2 : حسن معاملات

تدریسی مقاصد:☆عمدہ سلوک کے بارے میں بتانا۔
☆صحابہ کرام کے عمدہ سلوک کی مثالیں بتانا۔
☆رسول ﷺ کے عمدہ سلوک کی مثالوں سے وضاحت کرنا

مفہوم: حسن معاملات سے مُراد ہے دوسروں کے ساتھ عمدہ سلوک سے پیش آنا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ ہمیشہ بھوکوں کو کھانا کھلاتے، دوسروں کی مدد فرماتے، لوگوں کی دیکھ بھال کرتے اور مانگنے والے کو خالی ہاتھ کبھی نہ لوٹاتے تھے۔ ہمیں بھی بھوکوں کو کھانا کھلانا چاہیے، دوسروں سے اچھا برتاؤ کرنا چاہیے، ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے اور ان کے ساتھ نیک سلوک کرنا چاہیے۔

مُشکل الفاظ یاد کر کے لکھیے۔

سائل　　حسن معاملات　　دیکھ بھال　　برتاؤ　　تاکید　　خوش اخلاقی

مشکل الفاظ کے معانی یاد کر کے لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| سائل | مانگنے والا | | برتاؤ | سلوک | |
| حسن معاملات | اچھا برتاؤ | | تاکید | نصیحت | |
| دیکھ بھال | خیال رکھنا | | خوش اخلاقی | اچھے اخلاق | |

تاریخ:۳ دسمبر،۲۰۲۰ء دن: جمعرات

سُوالات کے جواب یاد کر کے لکھیئے:

سُوال: احسن اور عائشہ کے گھر میں دروازے پر کس نے دستک دی؟

جواب: مانگنے والے نے دستک دی۔

جواب:______________________________

سوال: احسن نے سائل کی آواز سن کر کیا کہا؟

جواب: احسن نے کہا! عائشہ جاؤ مانگنے والے کو بتاؤ کہ ہم خود کھانا کھا رہے ہیں۔

جواب:______________________________

سوال: احسن کے والد صاحب نے بچوں کی باتیں سن کر کیا کیا؟

جواب: وہ خود اُٹھے اور سائل کو کھانا دے آئے۔

جواب:______________________________

سوال: والد صاحب نے بچوں کو کیا نصیحت کی؟

جواب: دوسروں کی مدد کریں اور کسی کے ساتھ بدسلوکی نہ کریں۔

جواب:______________________________

سوال: خالی جگہ یاد کر کے لکھیئے۔

(۱) حضور اکرم ﷺ کے گھر سے جواب آیا کہ گھر میں۔۔۔۔۔۔۔۔کے سوا کچھ اور نہیں۔

(۲) حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مہمان کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔لے گئے۔

(۳) حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی نے کہا کہ گھر میں۔۔۔۔۔۔۔کے لیے کھانا موجود ہے۔

(٤)مہمان نے۔۔۔۔۔۔۔بھر کر کھانا کھایا۔

(۵) حضرت محمد ﷺ ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔کو کھانا کھلاتے تھے۔

سوال:درست جواب پر "√" کا نشان لگائیں۔

(۱) حسن معاملات سے کیا مراد ہے؟

(الف) اچھا برتاؤ (ب)جھگڑا ختم کرنا (ج)صلح کرنا

(۲) حضور اکرم ﷺ کے مہمان کو کس صحابی نے اپنے گھر ٹھہرایا؟

(الف) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۳) حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی نے مہمان کے سامنے کھانا پیش کرتے ہوئے کیا کیا؟

(الف) چراغ بجھا دیا (ب)چراغ روشن کر دیا (ج) چراغ قریب کر دیا

(٤)حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر والوں نے رات کیسے گزاری؟

(الف) تھوڑا کھانا کھا کر (ب) پورا کھانا کھا کر (ج) کچھ نہ کھا کر

تاریخ:۴ دسمبر،۲۰۲۰ء                    دن:جمعہ

# جائزہ

## سبق نمبر 2 : حسن معاملات

## کل نمبر10

سوال نمبر1: درست جواب پر "√" کا نشان لگائیں۔ ٤/

(۱) حسن معاملات سے کیا مراد ہے؟

(الف) اچھا برتاؤ          (ب) جھگڑا ختم کرنا          (ج) صلح کرنا

(۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مہمان کو کس صحابی نے اپنے گھر ٹھہرایا؟

(الف) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال نمبر۲: سوالات کے جوابات لکھیئے۔ ٦/

سوال:احسن کے والد صاحب نے بچوں کی باتیں سن کر کیا کیا؟

جواب:________________________________________

سُوال: احسن اور عائشہ کے گھر میں دروازے پر کس نے دستک دی؟

جواب:________________________________________

تاریخ:۵ دسمبر، ۲۰۲۰ء                                        دن:ہفتہ

# سبق نمبر 3: رواداری

تدریسی مقاصد: ☆رواداری کا اصطلاحی معنی بتانا۔

☆رواداری کا مفہوم سمجھانا۔

☆رسول اکرم ﷺ کی رواداری کی مثالیں بتانا۔

مفہوم: رواداری سے مُراد دوسروں کالحاظ رکھنا، ان کی باتوں کو برداشت کرنا اور دوسروں سے رعایت کرنا ہے ۔رواداری سے معافی بھی مُراد لی جاتی ہے۔رواداری مخالفین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور برائی کے بدلے میں احسان کرنا ہے۔رواداری اور درگزر جیسی خوبیوں سے معاشرہ میں امن و سکون پیدا ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نہ صرف زیادتی اور ظلم کرنے والوں کو بلکہ اپنے جانی دشمنوں کو بھی معاف فرمادیا کرتے تھے۔

مُشکل الفاظ یاد کر کے لکھیئے:

رواداری        رعایت        خوبیاں        امن وسکون        مخالفین        بوجھ

مشکل الفاظ کے معانی یاد کر لکھیئے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| رعایت | نرمی | | مخالفین | مشرکین | |
| خوبیاں | اچھائیاں | | بوجھ | وزن | |
| امن وسکون | آرام | | شریک | شامل | |

تاریخ:۷دسمبر،۲۰۲۰ء دن: پیر

سُوالات کے جواب یاد کر کے کاپی پر لکھیئے۔

سُوال: راواداری سے کیا مُراد ہے؟

جواب:رواداری سے مُراد دوسروں کا لحاظ رکھنا،ان کی باتوں کو برداشت کرنا ہے۔

جواب:________________________________________

________________________________________

سوال: آپ ﷺ کی حیات مبارکہ سے رواداری کا کوئی ایک واقعہ لکھیئے؟

جواب: ایک بار آپ ﷺ حرم میں نماز پڑھ رہے تھے ایک کافر عقبہ نے گردن مبارک میں چادر ڈال کر کھینچی آپ ﷺ نے اس آزمائش کو برداشت کیا اور بدلہ نہیں لیا۔

جواب:________________________________________

________________________________________

سوال:درست جواب پر"√" کانشان لگائیں۔

(۱) رواداری سے مُراد ہے۔

(الف) ظلم کا بدلہ نہ لینا (ب) مہمان نوازی (ج) انتقام

(۲) آپ ﷺ بُرائی اور بدی کے بدلے میں کیا کرتے تھے؟

(الف) صلح کرتے (ب) بدلہ لیتے (ج)صبر کرتے

سوال: خالی جگہ پر کریں۔

(۱) عقبہ نے حضور اکرم ﷺ کے کندھوں پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈال دی۔

(۲) آپ ﷺ نے کبھی کسی ظلم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں لیا۔

سوال: دُرست بیان پر "√" اور غلط بیان پر "×" کا نشان لگائیں۔

(الف) اپنے مخالفوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا رواداری کہلاتا ہے۔

(ب) بدی اور برائی کا بدلہ لینا ضروری ہے۔

(ج) آپ ﷺ گھر میں نماز پڑھ رہے تھے تو کفار نے بد سلوکی کی۔

(د) آپ ﷺ نے ہمیشہ صبر کی تلقین فرمائی۔

| غلط | درست |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

درود پاک یاد کریں۔

تاریخ:۸دسمبر،۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　　　دن: منگل

# جائزہ

## سبق نمبر3:رواداری

## کل نمبر10

سوال: خالی جگہ پر کریں۔ ۴/

(۱) عقبہ نے حضور اکرم ﷺ کے کندھوں پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈال دی۔

(۲) آپ ﷺ نے کبھی کسی ظلم کا۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں لیا۔

سوال:درست جواب پر "√" کا نشان لگائیں۔

(۱) رواداری سے مُراد ہے۔ ۲/

(الف) ظلم کا بدلہ نہ لینا　　　(ب) مہمان نوازی　　　(ج) انتقام

سوال: سوالات کے جوابات لکھیۓ: ۴/

سُوال: راواداری سے کیا مُراد ہے؟

جواب:____________________________________________

تاریخ:۹ دسمبر،۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　　　　　　　　　دن: بدھ

## سبق نمبر 4: اخلاق و آداب

تدریسی مقاصد: ☆دوسروں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کا جذبہ پیدا کرنا۔
☆بہن بھائیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا سکھانا۔
☆رشتے داروں کے حقوق و فرائض بتانا۔

مفہوم: ایک دوسرے کی مدد کرنے، خوش اخلاقی سے پیش آنے اور باہمی اَدب و احترام کا برتاؤ کرنے سے آپس میں اچھے تعلقات پیدا ہوتے ہیں۔ ہمارے بہن بھائی، رشتے دار، پڑوسی اور ساتھی دُکھ سُکھ میں ہمارے کام آتے ہیں۔

مشکل الفاظ یاد کر کے لکھیے۔

حُسن اخلاق　　باہمی تعلقات　　دُکھ سُکھ　　ہمدردی　　رویہ　　اتفاق

مشکل الفاظ کے معانی یاد کر کے لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| حُسن اخلاق | اچھے اخلاق | | اتفاق | اتحاد | |
| دُکھ سُکھ | مصیبت اور خوشی | | ہمدردی | نرمی | |
| رویہ | سلوک | | باہمی تعلقات | ایک دوسرے کا تعلق | |
| شفقت | محبت | | خدمت | عیادت | |

تاریخ: ۱۰ دسمبر، ۲۰۲۰ء                                                                                          دن: جمعرات

سُوالات کے جواب یاد کر کے کاپی پر لکھیے۔

سوال: اچھے تعلقات کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

جواب: ایک دوسرے کی مدد کرنے، خوش اخلاقی سے پیش آنے سے آپس میں اچھے تعلقات پیدا ہوتے ہیں۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

سوال: ہمیں بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

جواب: ان سے محبت اور شفقت کا برتاؤ کرنا چاہیے۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

سوال: حضور اکرم ﷺ رشتے داروں سے کیسا سلوک کرتے تھے؟

جواب: حضور آکرم ﷺ اپنے رشتے داروں سے اچھا سلوک کرتے تھے۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

تاریخ: ۱۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء — دن: جمعہ

سوال: کون سے کام ایسے ہیں جن کے ذریعے دوسروں سے اچھے تعلقات قائم کیے جاسکتے ہیں۔ صحیح پر "√" کا نشان لگائیں اور غلط پر "×" کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| مذاق اڑانا | سلام کرنا |
| غصہ کرنا | معاف کرنا |
| دل دکھانا | خیال رکھنا |
| محبت کرنا | مہربانی کرنا |
| سزا دینا | الزام لگانا |
| عیادت کرنا | تحفہ دینا |

سوال: درست اور غلط کی نشان دہی کریں۔

(۱) صرف بہن بھائی دکھ سکھ میں ہمارے کام آتے ہیں۔

(۲) اچھے تعلقات کا مطلب صرف دوسروں سے مدد حاصل کرنا ہے۔

(۳) رشتہ داروں سے محبت و شفقت کا برتاؤ کرنا لازم ہے۔

(٤) چھوٹوں سے سختی سے پیش آنا چاہیے۔

| درست | غلط |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

تاریخ:۱۲دسمبر،۲۰۲۰ء                                    دن: ہفتہ

# جائزہ

## سبق نمبر 4: اخلاق و آداب

<u>کل نمبر10</u>

سوال: درست اور غلط کی نشان دہی کریں۔ ۴/

(۱) صرف بہن بھائی دکھ سکھ میں ہمارے کام آتے ہیں۔

(۲) اچھے تعلقات کا مطلب صرف دوسروں سے مدد حاصل کرنا ہے۔

(۳) رشتہ داروں سے محبت و شفقت کا برتاؤ کرنا لازم ہے۔

(۴) چھوٹوں سے سختی سے پیش آنا چاہیے۔

سوال: سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۶/

سوال: اچھے تعلقات کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

جواب:________________________________________

سوال: حضور اکرم ﷺ رشتے داروں سے کیسا سلوک کرتے تھے؟

جواب:________________________________________

تاریخ:۱۴ دسمبر، ۲۰۲۰ء                                  دن: پیر

# سبق نمبر 5: گفتگو کے آداب

تدریسی مقاصد: ☆بچوں کو گفتگو کے آداب سے آگاہی کروانا۔

☆ہمارے نبی ﷺ کا انداز گفتگو بتانا۔

☆روزمرہ زندگی میں گفتگو کے آداب سکھانا۔

مفہوم: گفتگو سے کسی بھی شخص کی عادات اور اُس کے اخلاق کا اندازہ ہوتا ہے۔ گفتگو انسان کی پہچان ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم گفتگو میں نرم لہجہ اختیار کریں۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ نرم آواز میں فرماتے اور ٹھہر ٹھہر کر بولتے تھے۔ مختصر بات کرتے، دوسروں کو بھی بولنے کا موقع دیتے اور نہ ہی کبھی بغیر ضرورت کے بولتے۔

مُشکل الفاظ یاد کر کے لکھیئے:

ذہن نشین      احسن      پہچان      آداب گفتگو      اونچی      توجہ      نیچی

مُشکل الفاظ کے معانی یاد کر کے لکھیئے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| ذہن نشین | سمجھ میں آنا | | گفتگو | بات چیت | |
| احسن | اچھے | | اونچی | بلند | |
| پہچان | شناخت | | نیچی | دھیمی | |
| آداب | قاعدہ | | توجہ | دھیان | |

تاریخ:۱۵دسمبر،۲۰۲۰ء دن: منگل

سُوالات کے جوابات لکھیۓ:

سوال: گفتگو کے بارے میں قرآن مجید کی کسی آیت کا حوالہ دیں۔

جواب: ترجمہ: "اور لوگوں سے احسن طریقے سے بات کرو"۔

جواب:______________________________

سوال: حضور اکرم ﷺ کے انداز گفتگو کی تین خوبیاں بیان کریں۔

جواب:(۱) نبی کریم ﷺ ہمیشہ نرم آواز میں گفتگو فرماتے۔(۲) مختصر بات کرتے۔(۳) ٹھہر ٹھہر کر بولتے۔

جواب:______________________________

______________________________

سوال: گفتگو کے چار آداب بیان کریں۔

جواب:(۱) گفتگو سوچ سمجھ کر کریں۔(۲) بغیر اجازت نہ بولیں۔(۳) مختصر بات کریں۔(٤) گفتگو بہت اونچی اور بہت نیچی آواز میں نہ کریں۔

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

تاریخ:۱۶دسمبر،۲۰۲۰ء دن: بدھ

سوال:درست بیان کے سامنے "√" اور غلط کے سامنے "×" کانشان لگائیں۔

(الف) بات چیت سے کسی شخص کی عادات و اخلاق کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔

(ب)بلاسوچے سمجھے بات کرنا عقلمندی ہے۔

(ج) دوسروں کا دل دُکھانے والی بات نہیں کرنی چاہیے۔

(د)بات شروع کرنے سے پہلے سلام کرناضروری ہے۔

| درست | غلط |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

سوال: گفتگو کے آداب کے خلاف باتوں پر "×" کانشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| زور سے بولنا | دل دُکھانا |
| بیچ میں بولنا | بغیر سوچے سمجھے بولنا |
| مشکل الفاظ استعمال کرنا | اونچی آواز میں بولنا |
| اجازت حاصل کرکے بولنا | مختصر بات کرنا |
| دوسروں کی بات نہ سننا | بڑی بات کرنا |

تاریخ: ۱۷ دسمبر، ۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

# جائزہ

## سبق نمبر 5: گفتگو کے آداب

**کل نمبر 10**

سوال: درست بیان کے سامنے "√" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔ ۸/

(الف) بات چیت سے کسی شخص کی عادات و اخلاق کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔

(ب) بلا سوچے سمجھے بات کرنا عقلمندی ہے۔

(ج) دوسروں کا دل دُکھانے والی بات نہیں کرنی چاہیے۔

(د) بات شروع کرنے سے پہلے سلام کرنا ضروری ہے

| درست | غلط |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

سوال: گفتگو کے بارے میں قرآن مجید کی کسی آیت کا حوالہ دیں۔ ۲/

جواب: ______________________________

تاریخ:۱۸ دسمبر، ۲۰۲۰ء　　　　دن:جمعہ

## سبق نمبر6: حضرت ابراہیم السلام

| |
|---|
| تدریسی مقاصد: ☆بچوں کو حضرت ابراہیمؑ کی ابتدائی زندگی سے روشناس کروانا۔<br>☆حضرت ابراہیمؑ کی سیرت سے آگاہ کرنا۔<br>☆تلفظ درست کروانا۔ |

مفہوم: حضرت ابراہیمؑ اللہ تعالیٰ کے عظیم پیغمبر تھے۔ آپؑ کو" خلیل اللہ "یعنی اللہ تعالیٰ کا دوست کہا جاتا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ عراق کے ایک قدیم شہر اُر میں تقریباچار ہزار سال پہلے پیدا ہوئے۔ اس زمانے میں بت پرستی عام تھی۔ لوگ بہت زیادہ گمراہ تھے اور لوگوں کا آپس میں برتاؤ بھی بہت خراب تھا۔

مُشکل الفاظ یاد کر کے لکھیے:

بُت پرستی　　تنگ کرنا　　تلقین کرنا　　اعتراف کرنا　　گمراہ　　بھڑکتی

مُشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| بُت پرستی | بُتوں کو پوجنا | | گمراہ | بھٹکنا | |
| تنگ کرنا | تکلیف دینا | | صحرا | ریتلاعلاقہ | |
| تلقین کرنا | ہدایت کرنا | | آزمائش | امتحان | |
| اعتراف کرنا | مان لینا | | معبود | جس کی عبادت کی جائے | |

تاریخ:۱۹دسمبر،۲۰۲۰ء دن:ہفتہ

سوالات کے جوابات لکھیئے۔

سوال: حضرت ابراہیمؑ کے ابتدائی حالات زندگی بیان کریں۔

جواب: آپؑ عراق میں پیدا ہوئے اس زمانے میں بت پرستی عام تھی۔ آپؑ لوگوں کو بت پرستی سے روکتے تھے۔ اس لیے لوگ آپؑ کے دشمن ہو گئے۔

جواب:________________

سوال: لوگ حضرت ابراہیمؑ کے دشمن کیوں بن گئے؟

جواب: آپؑ کی تعلیم اور ہدایت کی وجہ سے لوگ آپؑ کے دشمن بن گئے۔

جواب:________________

سوال: حضرت ابراہیمؑ نے بتوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا جس پر انہیں آگ میں ڈالا گیا؟

جواب: آپؑ نے بتوں کو توڑ کر ٹکرے ٹکرے کر دیا تھا۔

جواب:________________

سوال: حضرت ابراہیمؑ کو کس طرح کی آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: آپؑ کو آگ میں ڈالا گیا بیٹے اور بیوی سے جدائی جیسی آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا۔

جواب:________________

تاریخ:۲۱ دسمبر،۲۰۲۰ء                                                    دن: پیر

سوال: مسلمان ہر سال عید الضحیٰ کے موقع پر قربانی کیوں کرتے ہیں؟

جواب: سنت ابراہیمی پر عمل کرتے ہوئے قربانی کرتے ہیں۔

جواب:______________________________________________

سوال: خالی جگہ پر کریں۔

(۱) حضرت ابراہیمؑ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

(۲) حضرت ابراہیمؑ کی قوم۔۔۔۔۔۔۔۔کی پوجا کرتی تھی۔

(۳) حضرت ابراہیمؑ کے زمانے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی حکومت تھی۔

(۴) اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیلؑ کی جگہ ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھیج دیا۔

سوال: درست بیان کے سامنے "√" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔

(الف) حضرت ابراہیمؑ مصر میں پیدا ہوئے۔

(ب) نمرود ایک عبادت گزار بادشاہ تھا۔

(ج) لوگوں نے حضرت ابراہیمؑ کو ایک باغ میں بند کر دیا۔

(د) مسلمان حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کی یاد میں عید الفطر مناتے ہیں۔

| درست | غلط |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

تاریخ:۲۲دسمبر،۲۰۲۰ء دن:منگل

# جائزہ

## سبق نمبر6: حضرت ابراہیم السلام

## کل نمبر:10

سوال:خالی جگہ پر کریں۔ /۸

(۱)حضرت ابراہیمؑ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

(۲)حضرت ابراہیمؑ کی قوم۔۔۔۔۔۔۔۔کی پوجا کرتی تھی۔

(۳)حضرت ابراہیمؑ کے زمانے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی حکومت تھی۔

(۴) اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیلؑ کی جگہ ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھیج دیا۔

سوال:حضرت ابراہیمؑ کے ابتدائی حالات زندگی بیان کریں۔ /۲

جواب:____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

تاریخ:۲۳دسمبر،۲۰۲۰ء                                                                 دن:بدھ

## سبق نمبر 7: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

| |
|---|
| تدریسی مقاصد:☆بچوں کو حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتدائی زندگی کے بارے میں بتانا۔ |
| ☆حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات سے روشناس کروانا۔ |
| ☆تلفظ درست کروانا۔ |

مفہوم: حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمان کے پہلے خلیفہ تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انتہائی نرم دل، نیک اور محبت و شفقت کرنے والے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار مکہ کے مالدار لوگوں میں ہوتا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیشہ تجارت تھا۔ آپ بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تجارت کے سلسلے میں شام اور یمن سفر بھی کیے۔

مشکل الفاظ یاد کر کے لکھیے۔

خلیفہ      سیرت      سخی      دانشمندی      ممتاز      منصب ہونا      معراج

مشکل الفاظ کے معانی یاد کر کے لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| خلیفہ | نائب | | بعثت | نبوت | |
| سیرت | کردار | | منصب | مقام | |
| ممتاز | نمایاں | | شفقت | مہربانی | |

تاریخ:۲۴دسمبر،۲۰۲۰ء دن: جمعرات

سوالات کے جواب لکھیئے۔

سوال: حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قریش کے کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: قبیلہ بنو تمیم سے تھا۔

جواب:______________________________

سوال: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق کا لقب کیوں دیا گیا؟

جواب: واقعہ معراج کی تصدیق پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو " صدیق" کا لقب دیا گیا۔

جواب:______________________________

سوال: غار ثور میں نبی اکرام ﷺ کے ساتھ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قیام کتنے روز رہا؟

جواب: تین دن رہا۔

جواب:______________________________

سوال: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دور خلافت میں کیا خدمات سر انجام دیں؟

جواب: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں قرآن پاک کو ایک جگہ یکجا کیا گیا۔

جواب:______________________________

سوال: دیئے گئے جوابات کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(۱) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے خلاف جہاد کیا۔

(۲) حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے موقع پر گھر کا سارا سامان پیش کر دیا۔

(۳) حضور اکرام ﷺ نے سن۔۔۔۔۔۔۔میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر حج مقرر فرمایا۔

(٤) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہ خلافت کی۔

سوال: درست بیان کے سامنے "√" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔

(۱) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قریش کے قبیلہ بنو سعد سے تھا۔

(۲) حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آزاد کروایا۔

(۳) ہجرت کے دوران حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور اکرم ﷺ کے ہمراہ غار حرا میں رہے۔

(٤) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال 63 برس کی عمر میں ہوا۔

| درست | غلط |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

